0923 (جماعت نہم)

اردو (لازمی) (انشائیہ) (دوسرا گروپ) سیکنڈری پارٹ I (سیشن 2019-21 to 2022-24)

وقت: 2.10 گھنٹے SGD-2-23 حصہ ---------------- اول کل نمبر 60

-----(حصہ نظم)----- 10

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)

(i) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا x اک بندۂ نا فرماں ہے حمد سرا تیرا

(ii) سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت x تیتر پکارتے ہیں سبحان تیری قدرت

(iii) شاخِ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو x نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

(iv) سُنی ہم نے طوطی و بُلبل کی باتیں x تیرا تذکرہ ہے تیری گفتگو ہے

(حصہ غزل)

(v) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز x اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(vi) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار x قلم اپنا موتی پرویا کیا

(vii) ہم کو اُن سے وفا کی ہے اُمید x جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے

حصہ ---------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) میں غیرت کے مارے زمین میں گڑ گیا اور فوراً میں نے اُٹھ کر نہایت ادب کے ساتھ سلام کیا۔ تب "حضرت بی" نے فرمایا: بیٹا! برا مت ماننا، یہ بھلے مانسوں کا دستور ہے کہ اپنے سے جو بڑا ہوتا ہے، اس کو سلام کر لیا کرتے ہیں۔

(ب) اپنے جگر کا خون دے دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے، اس کا مقصد آپ کی شاندار کوٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں۔ ایک فنکار یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا کہ اس کا فن اپنا اصلی جوہر کھو کر کسی کے لیے محض ایک ذریعہ شہرت بن کر رہ جائے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجیے۔ 10

(i) دوستوں کو دیکھ کر مرزا غالب کی حالت کیا ہوتی تھی؟

(ii) جھو سیٹھ نے الگو چودھری سے خریدے ہوئے بیل کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

(iii) ہمسائے کی کون سی حرکت سے میاں کے آرام میں خلل پڑ رہا تھا؟

(iv) مضمون نگار کے فیل ہونے پر اس کے والد نے کس طرح اسے تسلی دی؟

(v) دیہاتی لڑکے کی کہانی سُن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟

(vi) نصاب میں شامل نظم "حمد" میں محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(vii) بقول علامہ محمد اقبالؒ ہمیں کس چیز سے سبق اندوز ہونا چاہیے؟

(viii) مرزا غالب کے بقول کون مشتاق ہے اور کون بیزار؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (i) ہجرت نبویؐ (ii) لہو اور قالین 05

6۔ نصاب میں شامل نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال/خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7۔ اپنے استاد کے نام خط لکھیے جس میں اپنی کسی مشکل کے لیے مدد مانگیے۔ 10

------- یا ------- اپنے محلے کی صفائی کے لیے ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھیں۔

8۔ "ہرنی کی دُعا" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ ----- یا ----- ہوٹل منیجر اور گاہک کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

(i) جی نے چاہا تو آؤں گا۔ (ii) امجد نے کراچی جانا ہے۔ (iii) فوج نے حملہ کیے۔

(iv) ایک گلاس، پانچ پلیٹیں، دس جگ ٹوٹ گیا۔ (v) لوہے کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی۔

------------ یا ------------ درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

(i) رات گئی __________ (ii) بارہ برس دلی میں رہے __________ (iii) گڑ سے جو مرے __________

(iv) تخم تاثیر __________ (v) ہاتھی کے دانت __________

928 - 0923 - 60000

www.ilmkidunya.com